کم وزن پیدا ہونے والے بچے اور نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال

نوزائیدہ کی دیکھ بھال

- نوزائیدہ بچہ چونکہ بہت نازک ہوتا ہے اس لئے اس کی مسلسل دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بچے کی پیدائش کے فوراً بعد:
  - پونچھ کو صاف کپڑے میں لپیٹا جانا چاہیئے۔ یہ کپڑا صاف اور نرم ہو جس سے صاف کر کے اسے نرم اور خشک کپڑے میں لپیٹ کار کھا جانا چاہیئے۔
  - بچے کو موسم کے مطابق ٹھیک سے لپیٹ کار کھا جانا چاہیئے تا کہ اسے گرمی ملتی رہے۔
  - بچے کے سر اور پیروں کو ڈھک کر رکھنا چاہیئے۔
  - بچے کو اس کی ماں کے سینے اور پیٹ سے قریب رکھا جانا چاہیئے۔
  - بچے کی پیدائش کے بعد 24 گھنٹے کے ایک مرتبہ اجابت ہونے چاہیئے اور پہلے 48 گھنٹوں میں پیشاب آنا چاہیئے۔

- پیدا ہونے کے بعد بچے کو پہلے 24-48 گھنٹے کے دوران نہلایا نہیں جانا چاہیئے اور کم وزن کے پیدا ہونے والے بچے کو کم از کم سات دن تک نہیں نہلایا جانا چاہیئے۔
- بچے کو ہر بار دودھ پلانے کے بعد ڈکار دلانی چاہیئے۔
- بچے کی نال خشک اور صاف رکھنی چاہیئے۔ **اس پر ڈاکٹر کے ذریعے بتائی جانے والی دوا کے علاوہ اور کچھ نہیں لگایا جانا چاہیئے۔**
- بچے کو بیمار لوگوں سے دور رکھنا چاہیئے اور کچھ ہی لوگوں کو اس کی دیکھ بھال کرنی چاہیئے۔

نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال کے لئے گھر پر جانے کا شیڈیول

• • •

- گھر پر جانے کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ پیدا ہونے والے بچے کو گرم رکھا جا رہا ہے اور خاص طور پر ماں کا دودھ پلایا جا رہا ہے۔
- نوزائیدہ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد یا 24 گھنے کے اندر ایک بار اور اگر زچگی گھر پر ہوئی ہے تو دوسرے دن جانا چاہیئے۔
- اگر بچے کی پیدائش صحت ادارے میں ہوئی ہے تو بچے کی دیکھ بھال کیلئے تیسرے، ساتویں اور 42ویں دن گھر پر جانا چاہیئے۔
- اگر بچے کی پیدائش گھر پر ہوئی ہے تو آپ کو اس کی دیکھ بھال کے لئے پہلے، تیسرے، ساتویں اور 42ویں دن وِزٹ کرنی چاہیئے۔
- کم وزن پیدا ہونے والے اور مقررہ وقت سے پہلے پیدا ہونے والے بچوں کی دیکھ بھال کے اضافی وِزٹ کرنی چاہیئے۔
- کم وزن پیدا ہونے والے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے 14ویں، 21 ویں اور 28ویں دن اضافی وِزٹ کرنی چاہیئے۔

کم وزن پیداہونے والے بچوں کی دیکھ بھال

2.5 کلوگرام سے کم وزن والے بچوں کی اضافی دیکھ بھال ضروری ہے:

- بچے کو گرم رکھا جانا چاہیے اور ماں کے جسم سے لگا کر اس کی (کنگارو کی طرح) دیکھ بھال کی جانی چاہیے۔
- گھر والوں کو دھیان رکھنا چاہیے کہ:
  - بچے کو اچھی طرح سے پتلی چادر اور کمبل میں لپیٹ کر رکھا جائے۔
  - بچے کے سر کو پوری طرح ڈھک کر رکھا جانا چاہیے تاکہ گرمی کم نہ ہو جائے۔
  - بچے کو ماں کے سینے اور پیٹ سے بالکل لگا کر رکھا جانا چاہیے۔
  - اگر بچہ ماں کے قریب نہ رکھا جا سکے تو، بچے کے کمبل کے دونوں طرف کپڑے میں لپٹی گرم بوتلیں رکھی جانی چاہئیں۔
  - بچے کو بار بار ماں کا دودھ پلایا جانا چاہیے۔
- کم وزن پیدا ہونے والے بچے کو پہلے سات دنوں میں نہلایا نہیں جانا چاہیے۔



آنگن واڑی کارکن کا کردار

- نوزائیدہ بچے کی ماں کو کم از کم چھ مہینے تک بچے کو دودھ پلانے کا مشورہ اور اس کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔
- بوتل سے دودھ پلانے، فوراً نہلانے اور منہ سے کچھ چیزیں دینے جیسے نقصاندہ طریقہ کار کو روکا جانا چاہیے۔
- نوزائیدہ بچے کو مقررہ دنوں میں دیکھ بھال کے لئے گھر جانا چاہیے۔
- بچے کی پیدائش کے فوراً بعد ماں اور بچے کے تحفظ کارڈ میں اُس کی پیدائش کا وقت اور وزن کا اندراج کیا جانا چاہیے۔
- گھر پر بچے کی ہر بار دیکھ بھال کے دوران اس کے وزن پر نظر رکھی جانی چاہیے اور گروتھ چارٹ میں اس کا اندراج کرنا چاہیے اور اگر معمول سے ہٹ کر کوئی بات نظر آئے تو اسے نوٹ کیا جائے اور مقررہ طریقہ کار سے اس پر عمل کیا جائے۔
- اگر بچے میں سپسس یا دیگر کسی بیماری کے آثار نظر آئیں تو اسے فوراً اسپتال لے جایا جانا چاہیے۔
- کمزور اور کم وزن بچوں کی دیکھ بھال کے لئے:
  - بچے کو دودھ پلانے کے اوقات مقرر ہونے تک دن میں دو بار اس کی دیکھ بھال کے لئے جانا چاہیے۔
  - صفائی ستھرائی، دودھ پلانا، گرمی برقرار رکھنے، بچے کو ماں کے قریب رکھنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی جانی چاہیے۔
  - ضرورت کے مطابق ماں کا دودھ نکالا جائے۔